سورة التكاثر (102)

(مکی — کل آیات 8)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡهٰكُمُ التَّكَاثُرُ (1)

تمہیں حرص نے غافل کر دیا۔

حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ (2)

یہاں تک کہ قبریں جا دیکھیں۔

كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ (3)

ایسا نہیں، آئندہ تم جان لوگے۔

ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ (4)

پھر ایسا نہیں چاہیے، آئندہ تم جان لوگے۔

كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡيَقِيۡنِ (5)

ایسا نہیں چاہیے، کاش تم یقینی طور پر جانتے۔

لَتَرَوُنَّ الۡجَحِيۡمَ (6)

البتہ تم ضرور دوزخ کو دیکھوگے۔

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ الۡيَقِيۡنِ (7)

پھر تم اسے ضرور بالکل یقینی طور پر دیکھوگے۔

ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِيۡمِ (8)

پھر اس دن تم سے نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔